رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024 )

اردو (لازمی) | 023 فرسٹ اینول ( نہم کلاس ) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : ا (انشائیہ طرز) | ( دوسرا گروپ ) | کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ): 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری | گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام ، صبا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر | یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں | جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

(iv) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم | کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

( حصہ غزل )

(v) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن | دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی | خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے | پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) بوڑھی خالہ نے اپنی دانست میں تو گریہ وزاری کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی، خوبیٔ تقدیر کوئی اس طرف مائل نہ ہوا۔ کسی نے تو یوں ہی ہاں ہوں کر کے ٹال دیا؛ کسی نے زخم پر نمک چھڑک دیا۔ چاروں طرف سے گھوم گھام کر بڑھیا الگو چودھری کے پاس آئی۔ لاٹھی پٹک دی۔

(ورق الٹیے)

102-023-II-(Essay Type)-168000

3- (ب) تم دنیا سے الگ تھلگ رہ کر مصوّری کرتے رہتے ہو۔ تمھیں معلوم نہیں لوگ اس قسم کے واقعے پر کیا کچھ کرتے ہیں۔ سب کہیں گے ایک غریب اور قلّاش مصوّر کو جھونپڑی میں سے نکال کر لایا، دکھاوے کے لیے اور پھر اُسے واپس بھیج دیا ، کیا یہ میری توہین نہیں ہے؟

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

(ii) ہجرتِ مدینہ کے وقت نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ سے کیا فرمایا؟

(iii) سید انشاء کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟

(iv) دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟

(v) گلزار کے بھیگنے اور سبزہ کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(vi) لوگوں کو دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت کیا کرنا چاہیئے؟

(vii) علامہ اقبالؒ کی شاعری کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔

(viii) مقطع کے لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجیے۔

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) پنچایت ۔ (ب) ملکی پرندے اور دوسرے جانور ۔ 5

6- نصاب میں شامل نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت کیجیے۔ 10

یا

فوڈ کنٹرولر صاحب کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھیے۔

8- '' شیر کا گھر '' کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ یا دکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔ (iii) اسامہ نے بچہ کو ماں کو دیا۔

(iv) پاک رہو صاف رہو۔ (v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) بد اچھا ۔۔۔ (ii) بوڑھی گھوڑی ۔۔۔ (iii) بلی کے بھاگوں۔۔۔

(iv) سوت نہ کپاس ۔۔۔ (v) جتنی چادر دیکھیے ۔۔۔